بابُ التقریظ والانتقاد

رسالہ صاحبیہ

(شہزادی جہاں آرا بیگم کی ایک نادر تصنیف)

از جناب ڈاکٹر آغا ثمین صاحب گورنمنٹ کالج لاہور

(۲)

حقیقت یہ ہے کہ جہاں آرا بیگم ان مغل شہزادیوں کی صف اول میں شمار ہوتی ہیں جنھوں نے تمام عمر غیر شادی شدہ رہ کر پاکیزگی اور عبادت و ریاضت میں زندگی بسر کی۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی تحریریں عفت اور تقدس کی روح جھلکتی محسوس ہوتی ہے۔ اگر ان کی فارسی نثر نگاری کا اسلوبِ بیان دیکھنا ہو تو "رسالہ صاحبیہ" کے اصل فارسی خطی نسخے کے دیباچے بعنوان "ھوالفرد" کی مندرجہ ذیل عبارت ملاحظہ کیجیے:

"امابعد - این رسالہ ایست کہ فقیرہ و ضعیفہ و حقیرہ و کمینہ و خادمہ، اولیا اللہ و معتقد فقرا، باب اللہ، جہاں آرا بنت شاہ جہاں بادشاہ غفراللہ ذنوبہما و ستر عیوبہما مجملی از احوال سعادت اشتمال حضرت ولایت پناہ، ہدایت و ارشاد دستگاہ، سرورِ عارفانِ زمان، مفخرِ محققانِ دوران، واقفِ رموزِ اسرار